13/01/202607.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے - خبر نامہ لے کر میں سید مبشر رُفاعی--

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں -

ہیڈ لائنز

*.......لیفٹنٹ گورنر نے سماج کو ایک نئی جہت دینے اور قوم کو ترقی کے راستے پر گامزن کرانے میں بے مثال روحانی اور ثقافتی اقدار کا رول کیا اُجاگر۔

*....... فوجی سربراہ نے آپریشن سندور کو فوج کی تینوں شاخوں کے باہمی تال میل اور موثر طریقے پر کام کرنے کی ایک بہترین مثال دیا قرار -

*....... کشمیر وادی اور ونٹر زون جموں میں10ویں اور 12ویں جماعت کے سالانہ ریگولر امتحانات کے نتائج کا اعلان کل۔

اور

*....... جموںو کشمیر میں آج جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے لوہڑی کا تہوار۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی اورعالمگیریت کے اس دورمیں ہمارے بے مثال روحانی اور ثقافتی اقدار، روایات ، آرٹ، رسمیں اور اقدار سماج کو ایک نئی جہت دینے کے ساتھ ساتھ قوم کو ترقی کے ایک نئے راستے پر گامزن کرانے میں اہم رول ادا کر رہے ہیں۔

جموں میں آج ہندو ایجوکیشن سوسائٹی کشمیر کی طرف سے تیار کئے گئے سنگرمال میگزین کے خصوصی شمارے کی رسم رونمائی انجام دینے کے بعدایل جی نے کہا کہ ہمارا ثقافتی اور روحانی ورثہ سماج کے تانے بانے کو جوڑے رکھنے میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔

------LG-----

منوج سنہا

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر کو آرٹ کا ایک اہم مرکز بنانا اور ثقافتی جڑوں کو مضبوط کرنا ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے۔

کلا کیندر جموں میں کیسر آرٹ سرکل کی گولڈن جبلی تقریبات سے خطاب کر تے ہوئے منوج سنہانے کہا کہ اس پہل میں مصور اور فنکار ایک کلیدی رول ادا کرسکتے ہیں۔

انہوننے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ آرٹ کی طاقت کو سماج میں مثبت تبدیلی لانے کےلئے بروئے کار لائیں۔

ملاقاتLG

شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمر شل منیجر اُچت سنگھل نے آج جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

لیفٹنٹ گورنر نے اتی وشیشٹ ریل سیوا پُرسکار حاصل کرنے پر اُچت سنگھل کو مبارکباد دی۔

جا وید رانا

جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جا وید احمد رانا نے قبائلی ثقافت اور تہذیب و تمدن کے تحفظ کو ایک اجتماعی ذمہ داری قرار دیا ہے۔

جموں میں”ٹرائبل ہیر ٹیج میپنگ“ کے بارے میں منعقدہ ایک ورکشاپ میں IIT وزیر موصوف آج اظہار خیال کر رہے تھے۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے آج راجوری میں دسویں ویٹرنز ڈے اور ایکس سروس مین ڈے کے سلسلے میں منعقدہ ایک ریلی میں شرکت کی۔ انہوننے کہا کہ یہ دن ہمیں مسلح افواج کے اُن جوانوں کو یاد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، جنہوننے ملک کے لئے اپنی قربانیاں پیش کیں۔

لیفٹنٹ جنرل پی کے GOCلیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما، وائٹ نائٹ کور کےGOC شمالی کمان کے انفنٹری ڈویژن میجر جنرل کوشک مکھرجی بھی موجود تھے۔ GOC-25مشرا اور

بھارتی فوج

بھارتی فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دِویدی نے کہا ہے کہ آپریشن سندور فوج کی تینوں شاخوں کی طرف سے آزادی اور باہمی تال میل کے ساتھ کام کرنے کی ایک بہترین مثال ہے۔ نئی دلی میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے انہوںنے کہا کہ اس آپریشن کے تحت دشمن کی کسی بھی کارروائی سے موثر طریقے پر نمٹا جائے گا۔

جموںو کشمیر میں دہشت پسندی کا ذکر کر تے ہوئے فوجی سربراہ نے کہا کہ پچھلے برس31دہشت پسندوں کو ہلاک کیا گیا جن میں سے65فیصد پاکستانی تھے۔

-------Byte-------

صحت شعبہ

جموںو کشمیر نے پچھلے چند برسوں کے دوران مرکزی حکومت کے بھر پور تعاون سے طبی نگہداشت کے شعبے میں نمایاں پیش رفت حاصل کی ہے۔ اس دوران طبی شعبے کے بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینے کے ساتھ ساتھ طبی تعلیم کو فروغ دینے کےلئے متعدد اقدامات کئے گئےہیں۔

محکمہ

---

اطلاعات کی طرف سے جا ری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ جموں وکشمیر میں دو نئے ایمزاداروں کے قیام سے یہاں کے طبی ڈھانچے کو قومی اور عالمی معیارات تک پہنچانے میں مدد ملی ہے۔

اور سپر سپیشلٹی MBBS،PG میڈیکل کالجوں کی تعداد میں اضافے کے ساتھ ساتھ یوٹی میں نشستوں میں اضافے سے بھی اس شعبے کو تقویت حاصل ہوئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ نرسنگ ، پیرا میڈیکل اور فارمیسی تعلیم کو بھی فروغ دیا جا رہا ہے۔

رزلٹ

جموںو کشمیر بورڈآف سکول ایجوکیشن کشمیر وادی اور ونٹر زون جموں کے 10ویں اور 12ویں جماعت کے سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان کل کرے گا۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے بورڈ کے چیرمین اور سیکریٹری غلام حسن شیخ نے بتایا کہ دونوں جماعتوں کے رزلٹ ریکارڈ مدت میں تیار کئے گئے ہیں، جنہیں کل14جنوری کو ظاہر کیا جائے گا۔ انہوںنے مزید کہا کہ دونوں جماعتوں کے نتائج نہایت حوصلہ افزا ہیں۔

-----Ghulam Hassan----

اعجاز بٹ

سریکلچر محکمے کے ڈائریکٹر جنرل اعجاز احمد بٹ نے آج سرینگر سے کِرم کشوں کے پہلے اور بنگلورو کے تربیتی دورے پر روانہ کیا-Mysuru بیچ کو

اس موقعے پر انہوننے کہا کہ دورے کے دوران کسانوں کو ریشم صنعت کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کرایا جائے گا تاکہ وہ اپنی پیدا وار اور آمدن میں اضافہ کر سکیں۔

سکاسٹ

جمونو کشمیر مینزراعت اور اس سے منسلک شعبوں کو ترقی کی بلندیوں تک لیجانے کےلئے یوٹی اور مرکزی حکومت متعدد پروگرام چلا رہی ہے، جن میں ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کلیدی اہمیت کی حامل ہے۔

اس ضمن میں یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ  شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی شالیمار اس پروجیکٹ کو عملانے میں اہم رول ادا کر رہی ہے۔

------VC Skaust------

اطلاع

CUET-سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر نے 9 انڈر گریجویٹ پروگراموں کےلئے داخلے کے خاطر کا اعلان کیا ہے-12ویں جماعت پاس کرنے والے امید وار ان داخلوں کےلئے آن لائن UG-2026 موڈ کے ذریعے درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے دفتری اوقات کے دوران فون نمبر9469147277پر رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، شہر شہر منظر ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر اور نئی منزلیں ، کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں - Radiokashmir@gmail.com

-----Gong-----

لوہڑی

فصلوں کی کٹائی کا تہوار لوہڑی آج منایا جا رہا ہے ۔یہ تہوار پک چکی فصلوں کی خوشی اور سورج کے شمال کی جانب سفر سے وابستہ ہے ۔لوگ شام کے وقت الا
و

---

جلاتے ہیں اور روایتی گیت بھی گاتے ہیں - عام لوگوں کا ماننا ہے کہ آج کے دن سے ہی رفتہ ۂ رفتہ سردی بھی ختم ہو جاتی ہے۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو ،لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیراعلیٰ عمر عبداللہ، نائب وزیر اعلیٰسریندر کمار چودھری ، کابینہ وزراءسکینہ ایتو ،جاوید احمد رانا ،ستیش شرما ،جاوید احمد کشمیر وی کے بردی،نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہاور جنتا دل یونائٹیڈ IGP ڈاراور جموںو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے لوہڑی اور مکر سنکرانتی کے موقعہ پر عوام کو مبارک باد دی ہے ۔

مونیکا نارنگ

کی ایسو سیٹ پروفیسر ڈاکٹر The Law Schoolلوہڑی کی مناسبت سے جموںیونیورسٹی میں مونیکا نارنگ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے اپنے پیغام میں کہا۔

-----Monica Narang-----

ست شرما

بی جے پی جموںو کشمیر کی طرف سے آج پارٹی ہیڈ کواٹر جموں میں جوش اور جذبے کے ساتھ لوہڑی منائی گئی۔ اس موقعے پر جموںو کشمیر بی جے پی کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما، جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

اس موقعے پر ست شرما نے کہا کہ لوہڑی قدرت کے ساتھ ہمارے گہرے رشتوں اور کسانوں کو اپنے فصلوں کی پیداوار حاصل کرنے کی عکاسی کر تا ہے۔

دریں اثناءست شرما نے ڈوگرہ سیوا سمبھل ٹرسٹ کی طرف سے گنگیال میں منعقدہ لوہڑی تقریب میں بھی شرکت کی۔

سیاحت

محکمہ

---

سیاحت کی طرف سے وادی کی تمام سیاحتی مقامات پر اعلیٰ معیار کی بنیادی سہولیات قائم ۓ کرنے کےلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔ خاص طور سے اہم سیاحتی مقامات پر سینٹری کمپلیکس قائم کرنے کی اشد ضرورت ہے تاکہ ان مقامات پر سیاحوں اور عام لوگوں کو دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

اس حوالے سے ڈائریکٹر ٹور ازم کشمیر سید قمر سجاد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

--(Qamar Sajad)--Byte--

ادھر ان دنوں کا فی تعداد میں سیاح وادی کی سیر پر آرہے ہیں اور وہ یہاں کی خوبصورتی اور مہمان نوازی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ چند سیاحوں کے تاثرات۔

-------Tourists------

NC

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری اور ممبر پارلیمنٹ چودھری محمد رمضان سے آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر کئی عوامی وفود اور کارکن ملاقی ہوئے جنہوں نے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل کو اُجاگر کیا۔

چودھری محمد رمضان نے اس موقعے پر کہا کہ ان کی پارٹی لوگوں کی خوشحالی اور ان کی راحت رسانی کے ایجنڈے پر قائم ہے۔

دریں اثناءنیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے سرکردہ عالم دین میر واعظ کشمیر غلام نبی ہمدانی ؒ کے67ویں یوم وصال پر انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

محبوبہ

آفیسر مرحوم جی ایم IASپی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے آج لسجن سرینگر جاکر وہاں ریٹائرڈ ٹھاکر کے اہل خانہ کے ساتھ تعزیت کی۔

محبوبہ مفتی نے مرحوم کی جنت نشینی کےلئے دعا اور غمز دہ کنبے کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔مرحوم سینئر پی ڈی پی لیڈر اور سابق وزیر غلام نبی لون ہانجورہ کے برادر نسبتی تھے۔

خورشید عالم

پی ڈی پی کے جنرل سیکریٹری محمد خورشید عالم نے آج ماگام بڈگام میں ایک ڈیجیٹل لائبریری کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ جدید ترین سہولیات سے لیس یہ کتب خانہ طالب علموں کو مختلف مسابقتی امتحانات کی تیاری کرنے کے علاوہ ان کی تحقیقی صلاحتینپروان چڑھا نے کا ایک اہم وسیلہ ثابت ہو گا۔

BJP

بی جے پی جمونو کشمیر کے ترجمان بلبیر رام رتن نے جموں میں بقول ان کے بجلی کی صورتحال ابتر ہونے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بنا شیڈول کے کٹوتی سے لوگوں کو سردیوں کے ان ایام میں دقتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

KP

جموں و کشمیر پولیس کی طرف سے ڈرگ سمگلروں کے خلاف کاروائیاں لگاتار جا ری ہیں۔ پلوامہ پولیس نے کنہ دجن بڈگام کے بشیر احمد اور وشہ بک پلوامہ کے محمد مقبول شاہ نامی 2سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے نشہ آور اشیاءکی ایک بڑی کھیپ بر آمد کرلی ہے۔

ایکٹ کے NDPS پلوامہ پولیس نے ہی ایک اور کارروائی میں ضلعے کے کریم آباد علاقے میں تحت لاکھوں روپے مالیت کی جائیداد کو قرق کیا ہے۔ سربمہر کئے گئے اثاثے میں فیاض احمد میر نامی شخص کا یک منزلہ رہائشی مکان شامل ہے۔

سوپور پولیس نے بھی گنائی محلہ دھر نمبل تارزو کے رہنے والے غلام محمد شیخ نامی ایک سمگلر کو گرفتار کر کے اُس کے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار بر آمد کر لی ہے۔

JP

اُدھر سٹی پولیس جموں نے ڈرگ سمگلروں کے خلاف اپنی کارروائی کو تیز کر تے ہوئے چنچل سنگھ نامی ایک سمگلر کو ہیروئن کی کچھ مقدار کے ساتھ گرفتار کر لیا ہے۔راجوری پولیس نے بھی2ڈرگ سمگلروں کو نشیلی اشیاءسمیت گرفتار کر کے ان کے خلاف معاملہ درج کر لیا ہے۔

ایس ایس پی کشتواڑ نریش سنگھ نے ضلع پولیس افسروں کی ایک میٹنگ میں آنے والے یوم جمہوریہ سے قبل سلامتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ اسی طرح سے ایس پی ساوتھ جموں نے یوم جمہوریہ کے تناظر میں مقامی علماءاور مدرسوں کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔ ایس ایس پی ڈوڈہ سندیپ کمار مہتا کی ہدایت کی پیروی میں کانفرنس ہال ڈوڈہ میں ایک تربیتی ورکشاپ منعقد کیا گیا۔

دریں اثناءگمشدگی سے متعلق اطلاع ملنے پر جمونپولیس نے برو قت کارروائی عمل میں لا کے دو گمشدہ افراد کو باز یاب کر کے انہیں ، ان کے اہل خانہ کے ساتھ ملا دیا ہے۔

نشہ مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر موثر تلاشی کارروائیوں کے ذریعے ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جانے چاہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت13اعشاریہ2 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی4اعشاریہ9 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت16 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت3اعشاریہ8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر37منٹ اور

غروب آفتاب شام5 بجکر43منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔

..................................................

...........................

.........